پھر بعد پیٹ بھر کر سوتا تھا اس سے معلوم کیجئے کہ اس نے مجھ پر اپنا دروازہ کیوں بند رکھا اور آپ کی دی ہوئی دولت سے مجھے کیوں محروم کیا۔

مومن تو خوش نصیب ہے کہ اس پر اللہ تبارک تعالیٰ کا یہ کرم و فضل اور احسان عظیم ہے کہ اس کی کمائی کی دولت مائیکل جیکسن کے فضولیات ولغویات کی بجائے نیک کاموں میں صرف ہو رہی ہے اس کی زکوٰۃ و خیرات ضرورت مند بندگان خدا کے کاموں میں آ رہی ہے اس لہو لعب کے دور میں بھی خدا کا شکر ہے کہ امت مسلمہ میں کافی نام نمایاں ہیں جن کا ہر عمل و کردار نیکی سے بھرپور رہتا ہے۔ ہمارے ملک دہلی میں حاجی عبدالرشید سیفی اے آر والوں کا نام نامی ہمارے دل و دماغ میں ایکدم تازہ ہو جاتا ہے جب کوئی کار خیر کی بات سامنے آتی ہے۔ کسی حکیم کا عمدہ مقولہ ہے کہ صبر کا پھل راحت اور تواضع کا پھل محبت ہے مومن کا فخر اس کا رب اور اس کی عزت اسکا دین ہے۔ منافق کا فخر نسب اور اسکی عزت اسکا مال ہے۔ حاجی عبدالرشید سیفی وہ مومن ہستی ہے جو اس شعر پر عمل پیرا ہیں ؎

اوروں کو یہ دعویٰ ہے کہ ہم ہیں بہت کچھ
اور ہم کو ہے یہ ناز کہ ہم کچھ بھی نہیں ہیں

اللہ پاک نے حاجی عبدالرشید سیفی اے آر والوں کو جہاں ایک طرف مال و دولت سے نوازا ہے وہاں ان میں صد درجہ نیکی، شرافت، مذہبیت بدرجہ اتم موجود ہے ان کی نیک و حلال کمائی غریب بندگان خدا کی ضروریات پر خرچ ہو رہی ہے دین و مذہب کے کاموں میں لگ رہی ہے اور یہ بڑی بات ہے ہم تے ۲۵ سال پہلے دیکھا کہ وہ ایک نیک دل انسان کی حیثیت سے انتہائی محنت و مشقت اور ایمانداری کے ساتھ اپنے کارخانہ میں مستعد عمل ہیں، نماز روزے کے پابند انکساری و شرافت کے پیکر مجسم اخلاقی تواضع کے ساتھ بندگانِ خدا سے ربط و ضبط بنائے ہوئے ہیں اور اللہ تبارک تعالیٰ نے ان کی